تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

August 05 2021

## انڈیا ٹوڈے کے۔ایم ڈی آر اے بیسٹ یونیورسٹیز سروے۔2021 میں جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنی رینکنگ بہتر کی

پریس ریلیز۔مؤقر انڈیا ٹوڈے گروپ کی جانب سے حال ہی میں جاری کردہ انڈیا ٹوڈے ایم ڈی آر اے بیسٹ یونیورسٹیز سروے۔ 2021 میں ہندوستانی حکومت کی یونیورسٹیوں (جنرل) کے زمرے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنی پرانی آٹھویں پوزیشن سے چھٹی پوزیشن حاصل کر کے اپنی رینکنگ مزید بہتر کی ہے۔

انڈیا ٹوڈے ایم ڈی آر اے بیسٹ یونیورسٹیز سروے۔ 2021 ہندوستانی یونیورسٹیوں کو ان کی تعداد معیار اور گورنینس،علمی افضلیت، بنیادی ڈھانچہ اور کیمپس کا ماحول،شخصیت اور قائدانہ صلاحیتوں کا فروغ، کیریئر ترقی اور پلیسمنٹ ،معروضی اسکور اور Perceptual اسکور کے کلیدی نکات پر نمبرات دیتی ہے۔جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مجموعی 2000 نمبرات میں سے کل 1640.6 نمبرات حاصل کیے ہیں۔

پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بحران کے اس دور میں جامعہ کے بہتر رینکنگ پر اپنی خوشی کا اظہار کیا ہے۔انھوں نے جامعہ کی اس کامیابی کے لیے اساتذہ کے ساتھ یونیورسٹی کے دیگر اسٹاف کو بھی مبارک دی ہے اور امید ظاہر کی کہ جامعہ ملک کے اندر اور بین الاقوامی سطح پر اپنی رینکنگ میں مزید بہتری لانے کے لیے لگاتار سخت جدوجہد جاری رکھے گی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی